نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی کا ضلع گوجرانوالہ میں وزیر اعظم پاکستان کے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پروگرام کی مانیٹرنگ کے لئے لانچ کردہ سافٹ ویئر ایپلیکیشن کی فیلڈ ڈیمانسٹریشن کا جائزہ لینے کیلئے دورہ۔

وزیر اعظم پاکستان کے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان سے کاشتکاروں کو جدید توسیعی خدمات کی فراہمی سے پیداوار میں اضافہ ہوگا اور پیداواری اہداف کے حصول میں یہ اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی

لاہور: 11فروری2022 (   ) صوبہ پنجاب میں 9 ارب 60 کروڑ روپے کی لاگت سے زرعی توسیع سروس کی کارکردگی بڑھانے کے منصوبہ پر عملدرآمد جاری ہے ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے ضلع گوجرانوالہ میں وزیر اعظم کے ٹرانسفارمیشن آف ایگریکلچر پروگرام کی مانیٹرنگ کیلئے تیار کردہ سافٹ ویئر ایپلیکیشن کے ڈیمو کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے کہا کہ یہ منصوبہ پورے پنجاب کے لئے ہے مگر ابتدائی طور پر پہلے فیز میں سرگودھا، ساہیوال، ڈیرہ غازیخان اور گوجرانوالہ ڈویژن سے شروع کیا گیا ہے۔اس منصوبہ کے تحت صوبہ پنجاب میں کاشتکاروں کو جدید زرعی توسیعی سروس کی فراہمی کیلئے آوٹ سورسنگ کے ذریعے 1493 رورل یونین کونسل کی سطح پر فیلڈ فورس تعینات کی جارہی ہے۔اس پروگرام کے تحت ہر یونین کونسل میں 2 فیلڈ اسسٹنٹس اور ہر 3 یونین کونسل پر ایک زراعت آفیسر کی تعیناتی عمل میں آئے گی۔اس منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کو فصلوں کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی و ٹریننگ کے ساتھ مشینی کاشت کے فروغ، پانی کی بہتر فراہمی، فصل کے پوسٹ ہارویسٹ نقصانات کو کم کرنے اور زرعی منڈیوں کے متعلق معلومات فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔اس منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کو آوٹ سورسنگ کے ذریعے آئی سی ٹی کے استعمال سے خدمات فراہم کی جائیں گی۔اس منصوبہ پر عملدرآمد کیلئے محکمہ زراعت، پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ، پنجاب لینڈ ریکارڈ سینٹرز اور نادرا مل کر کام کریں گے۔موثر مانیٹرنگ کے لئے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔اس منصوبہ کے تحت کال سینٹر کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا جس کے ذریعے ایس ایم ایس، روبوکال، فصلوں کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے علاوہ موسم و منڈیوں کے متعلقہ معلومات فراہم کی جائیں گی۔اس منصوبہ سے کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی میں مدد ملے گی۔اس منصوبہ پر عملدرآمد سے فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اس ایپلیکیشن کی آپریٹنگ سے آگاہی حاصل کریں تاکہ کاشتکاروں کی رجسٹریشن جلد از جلد مکمل ہو اور انہیں موثر توسیعی سروسز کی فراہمی کی جاسکے جس سے اُن کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا۔اجلاس میں کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن ذوالفقار احمد گھمن، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ دانش افضال، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالہ جاوید اقبال، ڈپٹی ڈائریکٹر نظامت زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس اور ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالہ ڈاکٹر جاوید اختر پڈھیار سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔بعد ازاں سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے ایپلیکشن کی فیلڈ ڈیمانسٹریشن کا جائزہ بھی لیا

☆☆☆☆